فوری ریلیز کے لیے: 28/11/2023 KATHY HOCHUL گورنر

گورنر ہوچل نے اعلان کیا ہے کہ دو گیگا واٹس سے زیادہ والا کمیونٹی سولر نیو یارک میں نصب کیا جا چکا ہے

یہ سنگ میل 393,000 گھروں تک کافی صاف توانائی پہنچانے والی ریاست کی کاوش کی نمائندگی کر رہا ہے اور پورے امریکہ میں اعلی ترین کمیونٹی سولر مارکیٹ کے طور پر ریاست کی حیثیت کو مزید مضبوط کر رہا ہے

اس تنصیب سے پوری ریاست میں اضافی 3.3 گیگا واٹس کے ساتھ تقسیم شدہ سولر آپریٹنگ کے پانچ گیگا واٹس میں مزید حصہ پڑے گا

یہ تنصیب نیویارک کے کلائمیٹ لیڈرشپ اینڈ کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ (Climate Leadership and Community Protection Act) کے سنہ 2025 تک چھ گیگا واٹس کی تقسیم شدہ شمسی توانائی کے پلانٹ نصب کرنے کے ہدف کی جانب ایک اہم پیشرفت کی نمائندگی کر رہی ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ دو گیگا واٹس سے زیادہ والا کمیونٹی سولر نیو یارک میں نصب کیا جا چکا ہے – جس سے 393,000 گھروں تک کافی صاف توانائی پہنچانے والی ریاست کی کاوش کی نمائندگی ہو رہی ہے اور پورے امریکہ میں اعلی ترین کمیونٹی سولر مارکیٹ کے طور پر ریاست کی حیثیت مزید مضبوط ہو رہی ہے۔ کمیونٹی کے لئے بنائے گئے اس اہم شمسی سنگ میل سے پوری ریاست میں اضافی 3.3 گیگا واٹس کے ساتھ تقسیم شدہ سولر آپریٹنگ کے پانچ گیگا واٹس میں مزید حصہ پڑے گا۔ آج کا یہ اعلان نیویارک کے کلائمیٹ لیڈرشپ اینڈ کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ کے سنہ 2025 تک چھ گیگا واٹس کی تقسیم شدہ شمسی توانائی والے پلانٹ نصب کرنے کے ہدف کی جانب اہم پیشرفت کی نمائندگی کر رہا ہے، جبکہ سنہ 2030 تک 10 گیگا واٹس کی راہ پر بھی گامزن کر رہا ہے۔

"نیویارک کی دو گیگا واٹ کی کمیونٹی پر مرکوز شمسی توانائی والی کامیابیاں ایک صاف اور صحت مند مستقبل کی تعمیر کے لیے ہمارے عزم مصمم کو ثابت کر رہی ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "کمیونٹی سولر کے شعبے میں ہماری مسلسل جاری سرمایہ کاری ہماری صحت، ہمارے ماحول، ہماری معیشت، اور نیو یارک کے ہزاروں باسیوں کے لیے واضح فوائد پیدا کر رہی ہے جو اب بجلی کے کم بلوں سے لطف اندوز ہو سکتے ہیں، اور یہ سب کچھ سورج کی طاقت کو استعمال کرنے کی ہماری صلاحیت کی بدولت ممکن ہوا ہے۔"

کمیونٹی سولر سے شمسی توانائی ایسے گھروں کے مالکان، کرایہ داروں اور کاروباری مالکان کے لیے قابلِ رسائی بن جاتی ہے جن کے پاس اپنی عمارتوں پر براہ راست سولر پینلز لگانے کے لیے مثالی جگہ دستیاب نہ ہو۔ اس انتظام کے تحت، صاف توانائی اب بھی صارفین کے اپنے بجلی فراہم کنندگان فراہم کرتے ہیں جبکہ سولر پینلز سے پیدا ہونے والی بجلی براہ راست الیکٹرک گرڈ میں واپس چلی جاتی ہے۔ اس طرح چونکہ الیکٹرک گرڈ کو صاف، قابل تجدید توانائی مل جاتی ہے، چنانچہ وہ سبسکرائبرز کو ان کے بجلی کے بلوں پر اتنی بجلی کی رقم اداد کرتے ہیں جتنی بجلی انہیں صارفین کے شمسی پینل کی پیداوار سے ملی ہو۔

اس سال آج تک، کمیونٹی سولر پوری ریاست میں مجموعی شمسی تنصیبات کا 61 فیصد بنتی ہے۔ مزید برآں، نیویارک کی تقسیم شدہ سولر پائپ لائن اب 8,700 سے زیادہ پراجیکٹس پر مشتمل ہے، جو مکمل ہونے پر 3,297 میگا واٹ

صاف توانائی فراہم کریں گے جو نیویارک کے 600,000 سے زیادہ گھروں کو بجلی فراہم کرنے کے لیے کافی ہو جائے گی۔ اس پیشرفت کو مزید آگے بڑھاتے ہوئے، اکتوبر میں NYSERDA نے تمام پروگراموں کے لیے جامع کمیونٹی سولر اور ایکسپینڈڈ سولر کے لیے درخواستوں کے دوسرے دور کا اجراء کیا تھا جسکا مقصد باہم مل کر کم اور متوسط آمدنی والے (low- and moderate-income, LMI) گھرانوں اور غریب و پسماندہ کمیونٹیزکے لیے 1,140 میگا واٹ سے زیادہ کمیونٹی سولر وقف کرنا ہے۔

کمیونٹی سولر کی تنصیب میں ریاست کی کامیابیوں کی تصدیق Wood Mackenzie Solar Market Insight نامی رسالے کی تازہ ترین سہ ماہی رپورٹ سے ہو رہی ہے جس میں نیو یارک کو انسٹال شدہ کمیونٹی سولر میں ایک ہمہ وقتی قومی رہنما کے طور پر دکھایا گیا ہے، اور ساتھ ہی سنہ 2023 میں کمیونٹی سولر انسٹالیشنز کے لیے نمبر ایک پر، مجموعی تقسیم شدہ سولر میں نمبر دو پر اور رہائشی سولر کی فہرست میں نمبر پانچ پر رکھا گیا ہے۔

NYSERDA کی صدر اور سی ای او Doreen M. Harris نے کہا، "نیو یارک ماحولیاتی ایکٹ کے اپنے اہداف کو حاصل کرنے والے اپنے عزم مصمم پر پوری طرح ثابت قدم ہے، اور ہمارا ہر سنگ میل ہمیں زیادہ قابل اعتماد، مساوی، صفر اخراج والے الیکٹرک گرڈ کی جانب ایک قدم اور قریب لا رہا ہے۔ پورے ملک میں سب سے اونچی مارکیٹ کے طور پر، کمیونٹی سولر ان مقامات پر صاف، کم لاگت والی قابل تجدید توانائی فراہم کرنے والے ایک اہم ماڈل کے طور پر کام کرتی رہے گی جہاں چھتوں پر سولر پینلز نصب کرنا ممکن نہیں ہے، جس سے یہ امر یقینی بنے گا کہ نیویارک کے زیادہ سے زیادہ باشندے اس قابل تجدید وسیلے کے فوائد محسوس کریں۔"

اس سنگِ میل کا حصول NYSERDA کے NY-Sun پروگرام کی مضبوط حمایت سے حاصل ہوا ہے جو ریاست کا مشہور و معروف 3.3$ بلین والا شمسی اقدام ہے۔ فی الوقت، نصب شدہ ڈسٹری بیوٹڈ سولر پروجیکٹس ہمارے ان منصوبوں کے ساتھ مل کر جو زیر تعمیر و ترقی ہیں، وہ سنہ 2030 تک ریاست کو 10 گیگا واٹس کے تقسیم شدہ سولر نصب کرنے والے اپنے موجودہ ہدف کے 83 فیصد تک قریب لے آئیں گے۔

Solar Energy Industries Association کی شمال مشرقی علاقائی ڈائریکٹرValessa Souter-Kline نے کہا، "اب وقت آگیا ہے کہ ہم اپنی اس رفتار کو دوگنی کر دیں تاکہ نیو یارک میں کم لاگت، صاف شمسی توانائی سے چلنے والا مستقبل حاصل کیا جا سکے۔ سولر اور اسٹوریج انڈسٹری ایسے پروگراموں کو مزید تقویت دینے کے لیے NYSERDA، گورنر Hochul اور دیگر رہنماؤں کے ساتھ مل کر کام کرنے کی منتظر ہے جو پوری ریاست میں کمیونٹی سولر کو وسعت دیں اور کمیونٹیز کی ترقی میں کردار ادا کریں۔"

Coalition for Community Solar Access کی شمال مشرقی ڈائریکٹر Kate Daniel نے کہا، "یہ سنگ میل NYSERDA میں ہمارے شراکت داروں کے عزم کو ثابت کرنے کے ساتھ کمیونٹی سولر کے بہت سے فوائد کا بھی ایک منہ بولتا سچا ثبوت ہے۔ ہم کمیونٹی سولر تک رسائی کو مزید بڑھانے کے لیے ریاست کے ساتھ کام کرنے کے منتظر ہیں، تاکہ نیو یارک کے تمام باشندوں کو صاف توانائی کی معیشت کے وعدے میں سے انکا حصہ مل جائے۔"

New York League of Conservation Voters کی صدر Julie Tighe نے کہا، "چونکہ ماحولیاتی بحران دن بدن تیزی سے بڑھتا ہی جا رہا ہے اور ہماری آبادی اور ہماری زمین کی صحت فوسل ایندھن جلانے کے مضر اثرات کا مسلسل شکار ہو رہی ہے، چنانچہ ہم مزید قابل تجدید توانائی کے بارے میں صرف باتیں بنانے کے متحمل نہیں ہو سکتے بلکہ ہمیں اس شعبے میں حقیقی منصوبوں کی شدید ضرورت ہے۔ دو گیگا واٹ سے زیادہ والے شمسی توانائی پلانٹ کی تنصیب ریاست کے قابل تجدید توانائی کے اہداف کو پورا کرنے کی جانب ایک بڑا اور اہم قدم ہے جبکہ یہ صحت عامہ اور ماحولیات کے لیے بھی ایک بڑی جیت ہے۔ ہم گورنر Hochul اور NYSERDA کی صدر Doreen Harris کے دل سے معترف ہیں کہ انہوں نے یہ امر یقینی بنانے کے لیے طاقتور ترین اقدامات کیے کہ نیویارک شمسی توانائی کی پیداوار میں قومی رہنما بنا رہے۔"

New York Solar Energy Industries Association کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر Noah Ginsburg نے کہا، "کمیونٹی سولر نیو یارک میں رہنے والوں، بشمول کرایہ داروں اور کم آمدنی والے خاندانوں کو، شمسی توانائی

اور یوٹیلیٹی بل کی مد میں واضح بچتیں فراہم کرکے صاف توانائی تک منصفانہ رسائی کو بڑھا رہا ہے۔ نیویارک کے مشہور و معروف ڈی-کاربونائزیشن اہداف حاصل کرنے کے لیے کمیونٹی اور چھتوں پر نصب کیے جانے والے شمسی توانائی کے پینل انتہائی اہم ہیں۔ NYSEIA گورنر Hochul اور NYSERDA ڈسٹری بیوٹڈ سولر انڈسٹری کو مبارکباد پیش کرتا ہے کہ انہوں دو گیگا واٹس کی کمیونٹی سولر استعداد نصب کرنے والا سنگ میل عبور کر لیا۔"

Vote Solar کی نارتھ ایسٹ ریگولیٹری ڈائرکٹر Lindsay Griffin نے کہا، "نیویارک کو کمیونٹی کا ایک بڑا اور اہم شمسی سنگ میل عبور کرتے ہوئے دیکھنا بہت خوشی کی بات ہے جو پوری ریاست میں لاکھوں گھروں کے لئے قابل تجدید توانائی تک رسائی کو مزید وسعت دے گا۔ یہ کامیاب سنگ میل نہ صرف ان شاندار قریب المیعاد پیشرفتوں کو نمایاں کر رہا ہے بلکہ زیادہ حوصلہ مندانہ تقسیم شدہ شمسی اہداف کا حصول بھی مزید ممکن بنا رہا ہے جو NYSERDA اور NYPA کی جانب سے مزید سرمایہ کاریاں لا رہے ہیں اور ریاست کو صاف توانائی کے اپنے ان اہداف کی جانب مزید تیزی سے گامزن کر رہے ہیں جو منصفانہ تقسیم کے لیے ضروری ہیں۔"

ریاست نیویارک کا ملک میں پہلا موسمیاتی منصوبہ

ریاست نیو یارک کے قومی سطح کے ماحولیاتی ایجنڈا میں ایک منظم اور منصفانہ منتقلی کا مطالبہ کیا گیا ہے جو گھرانوں کے لیے پائیدار ملازمتیں پیدا کرے، تمام شعبوں میں سرسبز معیشت کو فروغ دے، اور اس بات کو یقینی بنائے کہ صاف توانائی کی سرمایہ کاریوں کی مراعات کے 40 فیصد ہدف کے ساتھ، کم از کم 35 فیصد پسماندہ کمیونٹیز کے لیے دستیاب بنائی جائیں۔ موسمیاتی اور صاف توانائی سے متعلق ملک کے بعض انتہائی پُرعزم اقدامات سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے نیویارک 2040 تک کاربن کے صفر اخراج والے بجلی کے شعبے کے حصول کی راہ پر گامزن ہے، جس میں 2030 تک 70 فیصد قابلِ تجدید توانائی کی پیداوار، اور وسط صدی تک معیشت کو کاربن سے پاک کرنے جیسے اقدامات شامل ہیں۔ نیو یارک کی جانب سے صاف توانائی پر بے مثال سرمایہ کاری کرنا اس تبدیلی کا ایک کلیدی سنگِ بنیاد ہے، جس میں پوری ریاست میں بڑے پیمانے والے 145 قابلِ تجدید اور ٹرانسمیشن پروجیکٹس میں $55 بلین سے زائد، عمارتوں سے ہونے والے مضر اخراجوں کو کم کرنے کے لیے $6.8 بلین، شمسی توانائی کا حجم بڑھانے کے لیے $3.3 بلین، صاف نقل و حمل والے اقدامات کے لیے $1 بلین سے زائد، اور NY گرین بینک کے وعدوں کی مد میں $2 بلین سے زیادہ کی سرمایہ کاریاں شامل ہیں۔ یہ اور دیگر سرمایہ کاریاں سال 2021 میں نیو یارک کے صاف توانائی کے شعبے میں 165,000 سے زائد ملازمتوں کی معاونت کر رہی ہیں اور سال 2011 کے بعد سے تقسیم شدہ شمسی شعبے میں 3,000 فیصد سے زیادہ کی ترقی لا رہی ہیں۔ گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کمی اور ہوا کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے، نیو یارک نے صفر اخراج کرنے والی گاڑیوں کے ضابطے بھی بنائے ہیں، جن کے تحت 2035 تک پابند بنایا جائے گا کہ ریاست میں فروخت کی جانے والی تمام نئی مسافر گاڑیاں اور لائٹ ڈیوٹی ٹرکس صفر اخراج کرتے ہوں۔ تقریباً 400 رجسٹرڈ اور 100 مصدقہ موسمیاتی سمارٹ کمیونٹیز، تقریباً 500 صاف توانائی والی کمیونٹیز، اور پوری ریاست میں 10 غریب و پسماندہ کمیونٹیز میں فضائی آلودگی کی نگرانی کرنے اور اسے بتدریج ختم کرنے والی ریاست کی سب سے بڑی کمیونٹی پہل کاریوں کے ذریعے نیو یارک کے ماحولیاتی اقدامات میں مزید تیزی لانے کے لیے شراکت داریاں کی جا رہی ہیں، تاکہ فضائی آلودگی اور موسمیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرنے والے اپنے اہداف کے حصول میں مدد مل سکے۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر کے دفتر سے اپ ڈیٹس حاصل کرنے کے لیے یہاں سائن اپ کریں: ny.gov/signup | یا 81336 پرNEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں